**14-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ......................... اسلم بیگ

---

**Music**

---

1 پارلیمانی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے چناؤ مہم اپنے عروج پر ہے۔ سینئر سیاسی رہنما، ووٹروں کو اپنی طرف راغب کرنے کیلئے لگاتار ریلیاں کررہے ہیں۔

2 سینئر بی جے پی رہنما اور وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ سنکلپ پتر کا مقصد، 140 کروڑ عوام کے خوابوں کو، حقیقت میں بدلنا ہے۔ کانگریس نے بی جے پی منشور کو جھوٹ کا پلندہ قرار دیا ہے۔

3 بھارت نے ایران اور اسرائیل سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ تشدد کا راستہ ترک کریں اور سفارتکاری کے راستے پر آجائیں۔

4 ملک نے آج آئین کے معمار ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو اُن کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا۔

5 بھارتی خواتین پہلوانوں نے آج کرغستان میں ایشین چیمپئن شپس میں دو چاندی اور دو کانسے کے تمغے جیتے ہیں۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

**Campaign LS**

پارلیمانی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے چناؤ مہم اپنے عروج پر ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما، ووٹروں کو اپنی طرف راغب کرنے کیلئے ایک کے بعد ایک ریلیاں اور روڈ شو کررہے ہیں۔

بی جے پی کا سنکلپ پتر جاری کئے جانے کے بعد، مدھیہ پردیش کے نرمدا پورم ضلع میں، Pipariya کے مقام پر، ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم مودی نے کہا کہ بی جے پی منشور نوجوانوں کو بااختیار بنانے، خواتین کو بااختیار بنانے، کسانوں اور غریبوں کیلئے ہے۔ اس کا مقصد 140 کروڑ عوام کے خوابوں کو حقیقت

میں بدلنا ہے۔ انہوں نے کہاکہ سماجی، مرئی اور ڈجیٹل بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینا ہے، بی جے پی کی اولین ترجیح ہے۔ جناب مودی نے کہاکہ حکومت اگلے پانچ سال میں سبھی اسکیمیں جاری رکھے گی۔

S/B PM SANKALP PATRA

سینئر بی جے پی رہنما اور مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ بی جے پی واحد پارٹی ہے کہ جو نہ صرف باتیں کرتی ہے بلکہ اپنے وعدے پورے بھی کرتی ہے۔

بہار میں جموئی اور بانکا کے مقامات پر عوامی جلسوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ اگر، پارٹی منشور کی بات کی جائے تو واضح ہے کہ اُس نے دفعہ 370 اور ایک ہی وقت میں تین طلاقوں کو ختم کرنے کے وعدے پورے کئے ہیں۔عظیم اتحاد کے امیدواروں کے لئے انتخابی ریلیوں کا انعقاد کرتے ہوئے آرجے ڈی کے رہنما تیجسوی پرساد یادو نے دعوی کیا ہے کہ محض انڈی اتحاد نوجوانوں کے خواب پورا کرسکتا ہے۔ جبکہ مہاراشٹر اور چھتیس گڑھ میں چناؤ مہم میں حصہ لیتے ہوئے سینئر بی جے پی رہنما امت شاہ نے زور دے کر کہا ہے کہ ملک میں ریزرویشن کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا اور ان کی پارٹی اسے کسی کو بھی برباد نہیں کرنے دے گی۔

انہوں نے کہاکہ پارٹی نے ثقافتی اصولوں کو جلا بخشنے، دہشت گردی پر قابو پانے اور نکسل ازم کو تقریبا ختم کرنے پر کام کیا ہے۔

AMIT SHAH CHHATISGARH

اتراکھنڈ میں سری نگر گڑھوال کے مقام پر ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے اترپردیش کے وزیراعلی اور سینئر بی جے پی رہنما یوگی آدتیہ ناتھ نے پچھلی دہائی میں بھارت کی ترقی کا ذکر کیا اور ملک میں کی گئی یکسر تبدیلی لانے والی تبدیلیوں کا بھی خاص طور پر ذکر کیا۔ وزیراعلی نے پسماندہ برادریوں کی بہبود کے NDA حکومت کے عزم کو اجاگر کیا۔ انہوں نے خاص طور پر غریبوں کے معیار زندگی کو اوپر اٹھانے کیلئے مختلف اسکیموں کا ذکر کیا۔

راجستھان کے جالور میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس رہنما پرینکا گاندھی واڈرا نے آج کہاکہ وزیراعظم نریندرمودی، عوام اور اُن کے مسائل سے پوری طرح لاتعلق ہیں۔ انہوں نے دعوی کہ بی جے پی بدعنوانی کے خلاف نہیں لڑ رہی ہے لیکن وہ اپوزیشن کا گلا گھونٹنا چاہتی ہے۔

S/B Priyanka Gandhi

بی ایس پی کی سربراہ مایاوتی نے وعدہ کیا کہ اگر مرکز میں اُن کی حکومت قائم ہوتی ہے تو مغربی اترپردیش کو ایک علیحدہ ریاست بنانے کیلئے ٹھوس اقدام کئے جائیں گے۔ سہارنپور سے انتخابی مہم کا آغاز کرتے ہوئے محترمہ مایاوتی نے کہاکہ اُن کی پارٹی محض اپنے بل بوتے، پوری تیاری کے ساتھ یہ انتخابات لڑ رہی ہے۔ x

**PM MP**

سینئر بی جے پی لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ BJP کا منشور، نوجوان قوت، خواتین کے اختیار، کسانوں اور غریبوں کے تئیں وقف ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ سماجی، جسمانی اور ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے کی وسیع توسیع BJP کی اعلیٰ ترجیح ہے۔ مدھیہ پردیش کے نرمدا پورم کے Pipariya میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے

ہوئے انھوں نے کہا کہ حکومت تمام اسکیموں کو اگلے پانچ سالوں میں جاری رکھے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ سنکلپ پتر کا مقصد 140 کروڑ عوام کے خوابوں کو حقیقت میں تبدیل کرنا ہے۔x

**Manifesto Reax**

کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے یہ کہتے ہوئے BJP کے انتخابی منشور پر تنقید کی کہ اُس پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے کیونکہ اِس نے پچھلے دس سالوں میں غریبوں کیلئے کچھ بھی نہیں کیا ہے۔ آج تیسرے پہر ناگپور میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرنے کے بعد اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ نوجوان روزگار کی تلاش میں ہیں، افراطِ زر میں اضافہ ہو رہا ہے لیکن وزیر اعظم کو اِن معاملات سے متعلق کوئی تشویش لاحق نہیں ہے۔

S/B 2100 Mallikarjun Kharge

اِس سے قبل، دلّی میں اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے پارٹی لیڈر Supriya Shrinate نے لوک سبھا انتخابات کیلئے آج جاری کردہ BJP کے منشور کو جھوٹ کا ایک پلندہ قرار دیا ہے۔

عام آدمی پارٹی کی لیڈر اور دلّی کی وزیر آتشی نے BJP کے انتخابی منشور کو 'جملہ پتر' قرار دیا اور پارٹی پر دس سال میں اقتدار میں رہنے کے باوجود اپنے وعدوں کو پورا نہ کرنے کا الزام لگایا۔ انھوں نے کہا کہ ہر سال دو کروڑ نوکریوں کے وعدے کے باوجود، آج ملک میں بے روزگاری کے اعداد وشمار ملک کی تاریخ میں اب تک کے سب سے زیادہ ہیں۔

منشور پر تنقید کرتے ہوئے RJD کے لیڈر اور بہار کے سابق نائب وزیر اعلیٰ تیجسوی یادو نے کہا کہ اِس میں نوجوانوں، کسانوں یا روزگار اور بہار جیسی ریاستوں کیلئے کسی بارے میں کوئی ذِکر نہیں ہے۔ تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریوناتھ ریڈّی نے BJP کے منشور کو 'کنگال بینک کا کاٹا ہوا ایک پیشگی چیک' قرار دیا۔ انھوں نے زور دیا کہ راہل گاندھی کی زیرِ قیادت کانگریس ہی لوگوں کے مصائب کا خاتمہ کرے گی۔x

**J&K Voters**

جموں وکشمیر کا پہاڑی ضلع ڈوڈہ، 100 سال کی عمر سے زیادہ کے تین درجن سے زیادہ رائے دہندگان کا خیرمقدم کرکے تاریخ رقم کرنے کیلئے تیار ہے۔ اس ضلع میں 37 رائے دہندگان ایسے ہیں جن کی عمر 100 سال سے زیادہ ہے اور وہ موجودہ انتخابات کے دوران ووٹ ڈالنے کیلئے تیار ہیں۔ اِن میں سے سب سے زیادہ عمر دراز شخص کی عمر 108 سال ہے۔ ضلع انتخابی افسر نے اُن کیلئے خصوصی انتظامات کئے ہیں۔ انھیں پالکیاں فراہم کی جائیں گی تاکہ وہ ووٹ ڈالنے کیلئے آسکیں۔ بھارت کا انتخابی کمیشن، عمر دراز لوگوں کو اپنے گھر سے ہی ووٹ ڈالنے کی اجازت دیتا ہے اور اِس مقصد کیلئے ECI کے حکام اُن کے گھر کا دورہ کرتے ہیں اور انھیں پیشگی ہی اپنا ووٹ ڈالنے میں مدد کرتے ہیں۔البتہ ڈوڈہ ضلع میں 100 سال سے زیادہ عمر کے اِن رائے دہندگان نے اپنے گھر سے ووٹ نہ ڈالنے کا فیصلہ کیا ہے بلکہ یہ فیصلہ کیا کہ وہ قریبی پولنگ اسٹیشنوں پر جائیں گے اور 19 اپریل کو دیگر رائے دہندگان کے ساتھ اپنا ووٹ ڈالیں گے۔x

## Jabalpur Key Lok Sabha Profile

ملک کے اہم لوک سبھا حلقوں کے سلسلے میں آیئے ہم مدھیہ پردیش کی جبل پور لوک سبھا سیٹ کے بارے میں بات کرتے ہیں۔

پیش ہے ہمارے نمائندے کی رپورٹ ..................

V/C Sanjeev Sharma

52 تالابوں اور بہت سی ثقافتی اور تاریخی ورثوں کے ساتھ مدھیہ پردیش کی ثقافتی راجدھانی جبل پور کی لوک سبھا نشست غیر ریزرو اور ریاست کی اہم سیٹوں میں سے ایک ہے۔ جبل پور لوک سبھا سیٹ میں آٹھ اسمبلی حلقے ہیں۔ اس نشست پر 18 لاکھ 83 ہزار سے زیادہ رائے دہندگان اپنے جمہوری حق کا استعمال کریں گے۔ اِن میں سے 9 لاکھ 57 ہزار رائے دہندگان مرد ہیں جبکہ 9 لاکھ 26 ہزار خواتین ووٹر ہیں۔ 57 رائے دہندگان مخنث ہیں۔ جبل پور میں مجموعی طور پر 19 امیدوار میدان میں ہیں۔ BJP نے آشیش دوبے کو ٹکٹ دیا ہے جبکہ کانگریس نے دنیش یادو کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔ BSP اور بہت سی مقامی پارٹیوں کے ساتھ، 7 آزاد امیدوار بھی چناؤ میدان میں ہیں۔

پچھلے لوک سبھا انتخابات میں BJP کے امیدوار راکیش سنگھ نے کانگریس کے امیدوار وویک کرشنا Tankha کو تقریباً ساڑھے چار لاکھ ووٹوں کے اوسط سے ہرایا تھا۔

Gondwana اور Kalchuri دور کی تاریخ کے ساتھ اور وزارت دفاع کے مینوفیکچرنگ کی یونٹوں کیلئے معروف، جبل پور کی سیٹ پر گذشتہ 27 سالوں سے BJP قابض رہی ہے۔

آکاشوانی نیوز کیلئے جبل پور سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

## DRDO Anti Tank Missile

دفاعی تحقیق وترقی کے ادارے DRDO اور بھارتی فوج نے ہتھیاروں کے نظام ٹینک شکن گائیڈڈ میزائل کی کامیابی کے ساتھ آزمائش کی۔ اس میزائل کو آسانی سے فوجی بھی لے جاسکتا ہے اور اسے ملک میں ہی تیار کیا گیا ہے۔ وارہیڈ یعنی میزائل کی کل راجستھان میں پوکھرن فیلڈ فائرنگ رینج سے کامیابی کے ساتھ آزمائش کی گئی اور یہ جدید تکنیک سے لیس ہے، جسے دن اور رات میں کسی بھی وقت حملے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے اور اس کے علاوہ یہ میزائل دشمن کے اہم جنگی ٹینک کو تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

وزیردفاع راج ناتھ سنگھ نے میزائل کے نظام کی کامیاب آزمائش کے لئے ڈی آر ڈی او اور بھارتی فوج کی ستائش کی ہے اور اسے جدید ٹکنالوجی پر مبنی دفاعی نظام کی ترقی میں خود کفالت حاصل کرنے کی جانب ایک اہم قدم بتایا ہے۔xx

## FPI Data

غیرملکی سرمایہ کار کمپنیوں FPIs نے بھارتی اسٹاک مارکیٹ میں لگاتار تیسرے مہینے اپریل میں بھی خریداری کا

سلسلہ جاری رکھا۔ National Securities Depositiory Limited، NSDL کے اعدادوشمار کے مطابق اِس مہینے میں اب تک، ان کمپنیوں نے بھارت میں 13 ہزار 347 کروڑ روپے مالیت کے اسٹاک خریدے ہیں۔
GDP کی شرح ترقی کے بارے میں اِس کمپنی نے پیش گوئی کی ہے کہ افراط زر کی سطح پر قابو پایا جاسکے گا، مرکزی حکومت کی سطح پر سیاسی استحکام رہے گا اور اُن اقدام سے جو مرکزی بینک نے اپنی مالی پالیسی کو چست بنانے کیلئے کئے ہیں،بھارتی معیشت کیلئے ایک درخشاں مستقبل کی تعمیر میں مدد ملی ہے۔
مالی سال 24-2023 کی، اکتوبر سے دسمبر تک کی سہ ماہی کے دوران بھارت کی گھریلو مجموعی پیداوار کی شرح ترقی 8 اعشاریہ چار فیصد رہی اور ملک سب سے تیز رفتار سے ترقی کرنے والا ایک بڑی معیشت کے طور پر قائم رہا۔X

## MEA Iran Israel

وزارت خارجہ نے اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی پر آج سخت تشویش کا اظہار کیا۔ وزارت نے کہا کہ اسرائیل اور ایران کے بیچ بڑھتی ہوئی دشمنی سے ملک کو شدید تشویش ہے کیونکہ اس سے خطے میں امن وسلامتی کو خطرہ ہے۔ وزارت نے کہا کہ وہ بدلتی ہوئی صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور وہ خطے میں سفارت خانے نیز بھارتی برادری کے ساتھ قریبی رابطے میں ہے۔کشیدگی کو فوری طور پر کم کئے جانے کا مطالبہ کرتے ہوئے وزارت نے خطے میں امن واستحکام کو برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ اس نے مزید زور دے کر کہا کہ دونوں ممالک تشدد کو ترک کرکے سفارتکاری کا راستہ اپنائیں۔
اِسی دوران، ایران کی جانب سے سیکڑوں ڈرونز، بیلسٹک میزائلوں اور کروز میزائل کے حملے کے بعد آج صبح سویرے پورے اسرائیل میں فضائی حملے کیلئے سائرن کی آوازیں سنائی دیں۔
ریئر ایڈمرل Daniel Hagari نے کہا کہ ایران نے بڑی تعداد میں ڈرونز، کروز میزائل اور بیلسٹک میزائل فائر کئے جن میں سے بڑی تعداد کو اسرائیل کی سرحد سے باہر ہی ناکام کردیا گیا۔x

## PM Tribute Ambedkar

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے، ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی 134ویں سالگرہ کے موقع پر، پارلیمنٹ میں اُن کے مجسّمے پر آج گلہائے عقیدت نذر کئے۔ انھوں نے اِس موقع پر قوم کو مبارکباد بھی دی۔
اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ سماجی تبدیلیوں کے علمبردار اور ایک قدآور شخصیت بابا صاحب امبیڈکر نے، ایک قانون داں، ماہرتعلیم، ماہر اقتصادیات، سماجی اصلاح کار اور سیاسی لیڈر کے طور پر ملک اور معاشرے کیلئے غیرمعمولی تعاون کیا۔
جناب دھنکھڑ نے بھی ڈاکٹر امبیڈکر کے نظریات کی پیروی کرنے کیلئے نیز ایک منصفانہ اور مساوی معاشرے کے اُن کے نظریے کو حقیقت میں بدلنے کے تئیں کام کرنے پر زور دیا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر کے نظریے کی پیشرفت کے ساتھ، بھارت کی نئی شبیہ آج مکمل طور پر بالکل مختلف ہے۔ انھوں نے کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر کا نظریہ ملک کی فروغ کیلئے ایک ترغیب کے طور پر کام کرتا ہے۔x

## Rajasthan Accident

راجستھان میں آج Sikar ضلع میں ایک کار اور ایک ٹرک کے ٹکراجانے کے حادثے میں دوبچوں اور تین خواتین سمیت سات افراد ہلاک ہوگئے۔ پولیس نے بتایا کہ کار میں سفر کرنے والے سبھی لوگ اترپردیش کے ضلع میرٹھ کے رہنے والے تھے اور یہ لوگ Salasar Balaji مندر سے Hisar جارہے تھے کہ یہ حادثہ پیش آیا۔ کار مسافر آگ کی وجہ سے کار کے دروازے نہ کھول سکے اور کار میں ہی جل کر ہلاک ہوگئے۔ پولیس اِن کی شناخت کی کوشش کررہی ہے۔ X

## Dri Wildlief Sezure

محصولات سے متعلق سراغ رسانی کے ڈائریکٹوریٹ DRI نے 781
Bengal Monitor Lizard Hemipenes ضبط کی ہیں۔ اِس جانور کو عام طور پر Hatha Jodi بھی کہا جاتا ہے۔ ڈائریکٹوریٹ نے 19 کلو چھ سو گرام نرم مونگے بھی ضبط کئے ہیں۔ اس جانور اور مونگوں کو، جنگلاتی زندگی کے تحفظ سے متعلق قانون کے تحت تحفظ حاصل ہے۔ یہ ضبطی آج ناسک ضلع سے کی گئی ہے۔
ایک خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے کہ جنگلاتی زندگی کا ناجائز کاروبار کرنے والا ایک گروپ، اِن چیزوں کیلئے اپنے ممکنہ خریدار تلا ش کررہا ہے، DRI افسران نے ایک جال بچھایا اور اِن چیزوں کو ضبط کرنے کے ساتھ اِن ناجائز کاروباریوں کو بھی حراست میں لے لیا جنہیں بعد میں مزید کارروائی کیلئے مہاراشٹر کے ریاستی جنگلاتی افسران کے حوالے کردیا گیا۔ X

## Nepal Government Gift

آج بھارت نے نیپال کے مختلف ضلعوں میں قائم اور صحت وتعلیم کے شعبے میں کام کرنے والی مختلف تنظیموں کو 35 ایمبولینس اور 66 اسکول بسیں تحفے میں دیں۔ بھارت کے سفیر نوین سری واستوا نے، نیپال کے خزانے کے وزیر Barsha Man Pun کی موجودگی میں گاڑیوں کی چابیاں حوالے کیں۔ سفیر نے کہا کہ یہ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں اپنے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کی نیپال سرکار کی کوششوں کو استحکام دینے کی غرض سے نیپال-بھارت ترقیاتی ساجھے داری کے تحت، حکومت ہند کی طویل مدتی اقدامات میں سے ایک ہے۔x

## Indonesia Landsline

انڈونیشیا میں آج جنوبی Sulawesi صوبے کے Tana Toraja ضلع میں زمینی تودے کھسکنے کے حادثے کے بعد کم سے کم 15 افراد مردہ پائے گئے۔ مقامی حکام نے بتایا کہ دو افراد اب بھی لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ اِن

کے بارے میں اندیشہ ہے کہ یہ ملبے میں دبے ہوئے ہیں۔ راحت کارکنوں نے آج صبح سویرے دو زخمیوں کو بمشکل باہر نکالا جن میں ایک 8 سالہ بچی بھی شامل ہے جبکہ درجنوں سپاہی، پولیس اہلکار اور رضاکار، لاپتہ افراد کو اب بھی تلاش کررہے ہیں۔

Tana Toraja ضلعے اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں پچھلے ہفتے سے موسلادھار بارش ہورہی ہے۔ حکام نے بتایا کہ یہاں مواصلاتی رابطے منقطع ہوگئے ہیں اور خراب موسم نیز ناہموار راستوں کے سبب بچاؤ کوششوں میں رکاوٹ آرہی ہے۔

پچھلے مہینے سماترا جزیرے میں اچانک سیلاب آگیا تھا اور زمینی تودے کھسک گئے تھے۔ اس حادثے میں کم سے کم 30 افراد ہلاک ہوگئے تھے اور بہت سے لوگ اب بھی لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ X

## Asian Wrestling

Wrestling میں، آج Kyrgyzstan کے Bishek میں سینئر ایشین چمپئن شپ میں بھارتی خواتین پہلوان Harshita اور Anju Panghal نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔

Harshita کا مقابلہ 72 کلو گرام زمرے میں چین کی Quian Jiang سے جبکہ Anju کا مقابلہ 53 کلو گرام زمرے میں شمالی کوریا کی Ji Hyang Kim سے ہوا۔

آج بھارت نے کانسے کے دو تمغے بھی حاصل کئے۔ خواتین کے 65 کلو گرام کے زمرے میں Antim Paghal نے جنوبی کوریا کی Soo Bin Kim کو شکست دی جبکہ خواتین 62 کلو گرام زمرے میں منیشا Bhanwala نے ہنگری کی Arian Geralin Carpio کو شکست دے کر کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔x

## Olympic Quota

شوٹنگ میں، آج برازیل کے Rio De Janeiro میں ISSF اولمپک کوالیفکیشن چمپئن شپ میں، خواتین کے دس میٹر ایئر پسٹل زمرے میں بھارت کی Palak Gulia نے سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ اس جیت کے ساتھ اِس ایشیائی چمپئن نے پیرس اولمپک Quota بھی حاصل کرلیا ہے۔ Palak نے فائنل میں تیسرے مقام پر پہنچنے کیلئے 217 اعشاریہ 6 پوائنٹس اسکور کئے۔

آرمینیا کی Elmira Karapetyan نے سونے کا تمغہ جبکہ تھائی لینڈ کی Kamonlak Saencha نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔

ایک اور بھارتی کھلاڑی Sainyam Suruchi ایک سو 76 اعشاریہ سات پوائنٹس اسکور کرکے ساتویں مقام پر رہیں البتہ اولمپک Quota میں کوئی مقام حاصل نہ کرسکیں۔

آنے والے پیرس اولمپکس کیلئے ابھی تک 20 بھارتی شوٹرس کوالیفائی کرچکے ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆